عبدالرشید صاحب، حافظ عبدالرؤف صاحب اور مولانا خالد مدنی صاحب نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا آف جھوک دادو انتقال فرما گئے

مورخہ **27** فروری بروز جمعۃ المبارک مولانا محمد زکریا طور صاحب جھوک دادو میں وفات پا گئے۔ شیخ موصوف نہایت ہی صالح، متقی اور جماعت کی معروف روحانی شخصیت میاں باقرؒ کے پوتے اور مولانا حمزہؒ کے فرزند تھے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین۔ جہلم سے مرحوم کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب اور نائب مدیر مفتی محمد شفیع صاحب نے شرکت کی۔

مولانا قاری محمد نواز کا انتقال پر ملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع مظفر گڑھ کے سابق ناظم اور موجودہ نائب امیر ضلع مظفر گڑھ مولانا قاری محمد نواز (کوٹ ادو) عید الفطر کے دن نماز عید پڑھاتے ہوئے اچانک دل کا دورہ پڑنے سے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم بانی جامعہ حضرت مولانا حافظ عبدالغفورؒ کے دور میں مدرسہ دارالحدیث جہلم میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین

حضرت مولانا محمد صادق خلیل کا سانحہ ارتحال

مورخہ **6** فروری جماعت اہل حدیث کے ممتاز عالم دین شیخ الحدیث مولانا محمد صادق خلیل مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ آپ بے شمار خوبیوں کے مالک تھے۔ آپ نے ساری زندگی تقریباً **50** سال تدریس، خطابت اور ترجمہ و تالیف میں بسر کر دی۔ نماز جنازہ میں معروف علماء، شیوخ الحدیث، طلباء اور خواص و عام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی حسنات کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ امین

مولانا قدرت اللہ فوق صاحب کا انتقال پر ملال

مورخہ **14** جنوری بروز بدھ شیخ الحدیث مولانا قدرت اللہ فوق مختصر علالت کے بعد **70** سال کی عمر میں انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم انتہائی خوش اخلاق شخصیت کے مالک تھے۔ آپ نے پوری زندگی دین کی تعلیم و تدریس میں گزاری۔ آپ نے تقریباً **45** سال تدریسی خدمات سرانجام دیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا یہ عمل